اسٹیٹ بینک سہ ماہی کمپینڈیم میں توسیع کرے گا، مائکروفنانس بینکوں کی کارکردگی اور استحکام پر تفصیلی کوریج ملے گی

بینک دولت پاکستان بینکاری نظام کی صورت حال کے بارے میں ضروری اور تازہ ترین معلومات متعلقہ فریقوں کو فراہم کرنے کے لیے اعداد وشمار اپنی ویب سائٹ پر 'سہ ماہی کمپینڈیم' کی صورت میں باقاعدگی سے شائع کرتا ہے۔ کمپینڈیم سے مالی اعداد وشمار کے ساتھ ساتھ بینکاری نظام، اسلامی بینکاری اور ترقیاتی مالی اداروں کے مالی اصابت کے اظہاریوں (Financial Soundness Indicators) پر معلومات فراہم ہوتی ہیں۔

مالی شمولیت اور اس میں مائکروفنانس بینکوں کے کردار کی بڑھتی ہوئی اہمیت کے پیشِ نظر 'سہ ماہی کمپینڈیم' میں مائکروفنانس بینکوں کے جامع ڈیٹا کی اشاعت 2017ء کی تیسری سہ ماہی سے شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ قبل ازیں، اسٹیٹ بینک مائکروفنانس بینکوں کے بارے میں چند عمومی اعداد وشمار اپنی مطبوعات ''ڈیولپمنٹ فنانس ریویوز'' اور ''مالی استحکام کا جائزہ'' (ایف ایس آر) میں شائع کرتا رہا ہے۔ توسیع شدہ کمپینڈیم مائکروفنانس بینکوں کی کارکردگی اور مالی اصابت کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ بینکاری نظام، اسلامی بینکاری اور ترقیاتی مالی اداروں کا بھی احاطہ کرے گا۔ کمپینڈیم میں مائکروفنانس بینکوں کا 2008ء کی چوتھی سہ ماہی سے اب تک کا سہ ماہی ٹائم سیریز ڈیٹا بھی شامل ہوگا۔

توسیع شدہ سہ ماہی کمپینڈیم اس لنک پر دستیاب ہے:

http://www.sbp.org.pk/ecodata/fsi.asp

*****